یونیورسٹی آف سرگودھا

طلبی کوٹیشن

یونیورسٹی آف سرگودھا کو مالی سال 22-2021 کے لئے ٹھیکہ کینٹین مریم ہاسٹل کی مد میں سیل بند ٹینڈر درکار ہیں۔ کینٹین مریم ہاسٹل ٹینڈر فارم بمطابق ریٹ لسٹ جاری کیا جائے گا۔۔ٹینڈر موصول ہونے کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ٹھیکہ کینٹین مریم ہاسٹل (مین کیمپس) یونیورسٹی آف سرگودھا کے ٹینڈر مورخہ 14 جنوری 2022ء تک زیر دستخطی کے آفس میں بوقت دن 10:30 بجے وصول ہو جانی چاہیں۔

ا۔ ٹھیکہ کینٹین مریم ہاسٹل (مین کیمپس) یونیورسٹی آف سرگودھا کے ٹینڈرز مورخہ 14 جنوری 2022 کو 11:00 بجے دن چیئرمین آکشن کمیٹی کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔

۲۔ کامیاب ٹھیکیدار کو حکومت کی جانب سے مقررہ کردہ شرح کے مطابق ٹیکسز مثلاً سیلز ٹیکس/ انکم ٹیکس/ ایڈوانس ٹیکس وغیرہ کوٹیشن میں بھری ہوئی کل رقم پر الگ سے ایڈوانس جمع کروانا ہوں گے۔

۳۔ کوٹیشن فارم/ٹینڈر فارم بمعہ شرائط وضوابط مبلغ -/2,000 روپے بنک ڈرافٹ/ کال ڈیپازٹ (نا قابل واپسی) بنام ٹریژر یونیورسٹی آف سرگودھا، زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کروا کے دفتری اوقات میں حاصل کر سکتے ہیں۔ جو کہ فوری طور پر دستیاب ہے اور مقررہ تاریخ تک حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

۴۔ بڈر کوٹیشن میں بھری ہوئی کل رقم کا 5% کا ڈرافٹ بنام ٹریژر یونیورسٹی آف سرگودھا، بطور زرضمانت (قابل واپسی) بڈ کے ساتھ منسلک کرے گا، بصورت دیگر بڈ قابل قبول نہ ہوگی۔ ڈرافٹس پراسیس مکمل ہونے کے بعد واپس کر دیے جائیں گے۔

۵۔ جامعہ سرگودھا ٹینڈر بمطابق ریٹ لسٹ کے ساتھ جاری کرے گا۔ بڈرز بمطابق ریٹ لسٹ ٹینڈر کی رقم بھرنے کے پابند ہوں گئے بعد میں کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

۶۔ شرائط وضوابط پر پورا نہ اترنے والا ٹینڈر منسوخ تصور کیا جائے گا۔

۷۔ ٹھیکہ کی مدت 30 جون 2022 تک ہوگی تاہم اچھی کارکردگی کی بنیاد پر ٹھیکہ کی معیاد 2 سال تک 10% اضافہ فی سال کے ساتھ مزید بڑھائی جا سکتی ہے۔

نوٹ: دیگر معلومات کیلئے مقررہ تاریخ سے قبل دفتری اوقات میں زیر دستخطی کے دفتر سے رابطہ کریں۔ بولی دھندہ پر لازم ہوگا کہ وہ فارم کے ساتھ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور دستخط ثبت کر کے ٹینڈر فارم کے ساتھ منسلک کرے۔ کاغذات نامکمل ہونے کی صورت میں کوٹیشن مسترد/منسوخ کر دی جائیگی۔

فہیم ارشد
ریذیڈنٹ آفیسر
یونیورسٹی آف سرگودھا
فون نمبر: 9230195